عینک فریمی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆ وفاقی حکومت، روشن خیال اسلامی مملکت کے تصور کو مجروح کرنے والی کوشش ناکام بنائے۔ (صدر مشرف کی ہدایت)

☆ مسجدوں کا پیسہ کھانے والے، خوشحالی کی بات نہیں کرسکتے۔ (وزیراعظم جمالی)

☆ سرحد میں طالبان طرز کے قوانین سے، شخصی آزادی متاثر ہوگی۔ مجلس عمل کے ساتھ اسی لیے حکومت نہیں بنائی۔ (بے نظیر)

☆ سرحد اسمبلی کا شریعت بل ملک کو مذہبی آمریت کی طرف دھکیلے گا۔ (انسانی حقوق کمیشن)

سب سیاسی اپسرائیں مل کے دلاّلی کریں
مال زادے مفت کے چندوں کی رکھوالی کریں
کھرج کی لے میں صراحی دار گردن موڑ کر
مغنّیِ اُستاد کی چوکھٹ پہ قوّالی کریں

☆ بجٹ میں نئے ٹیکس لگیں گے، نہ کوئی چیز مہنگی ہوگی۔ ☆ حکومت بجلی اور تیل کی قیمتیں کنٹرول نہیں کرسکتی۔ (شوکت عزیز)

جھوٹے کا حافظہ نہیں ہوتا

☆ شیخ رشید نے سرحد حکومت کو ان پڑھ کہہ کر عوامی مینڈیٹ کی توہین کی ہے، یہ شریعت بل کا ردِّ عمل ہے۔ (صوبائی وزراء سرحد)

شیطان نے بھی اپنے سر میں راکھ ڈالی ہوگی۔

☆ بھلائی اور حقوق العباد کے بغیر کوئی حکومت، اسلامی نہیں کہلا سکتی۔ (گورنر پنجاب خالد مقبول)

اور پنجاب میں تو یہ اقدار پہلے ہی رائج ہیں؟

☆ پاکستان کی پالیسیاں قرآن و سنت کے منافی ہیں۔ (خواجہ برادران)

موجودہ حکومت اسی کو روشن خیالی کہتی ہے۔

☆ سائن بورڈ توڑنا اور سرکس پر حملہ، کس گڈ گورننس کا حصہ ہے۔ (شیخ رشید)

رسول اکرم ﷺ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سُنّت کا حصہ ہے۔

☆ زکریا یونیورسٹی: طلبہ کی سالانہ تقریب میں، پینے پلانے پر متعدد زخمی، عمر ہال میں شعبان اور افتخار گجر نے ڈانس نہ کرنے پر بلال اور پرویز پر حملہ کردیا۔ (ایک خبر)

جنرل پرویز کی روشن خیال اسلامی مملکت کا ''جمالی'' خاکہ